PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

Director (C & C)

PUNJAB EDUCATION, CURRICULUM, TRAINING AND ASSESSMENT AUTHORITY

21- E-II, Gulberg-III, Lahore
No: PECTAA/C&C Unit/2026/1258

Dated: 14.11.2026

NOTIFICATION

In pursuance of Section 9(1)(b) of the Punjab Education, Curriculum, Training and Assessment Authority Act-2025 and with the approval accorded by the Academics Committee of the Punjab Education, Curriculum, Training and Assessment Authority in its 13th meeting held on 05.11.2026, the Smart Syllabus (Accelerated Learning Programme – ALP / Deleted Topics and Exercise Questions), Pairing Schemes and Model Papers of Grade-12 for the Academic Session 2026-27 and BISEs Annual Examination-2027 **(Annex-A)** are hereby notified for implementation across Punjab.

No Smart Syllabus (Accelerated Learning Programme – ALP / Deleted Topics and Exercise Questions) has been notified for the subjects of Tarjama-tul-Quran and Ethics for Grade-12, as no topics or exercise questions have been deleted in these subjects.

(SAADIA SARDAR)
Director (Curriculum & Compliance)

CC:

1. PSO to the Minister, Government of the Punjab, School Education Department
2. PS to the Vice Chairperson, PECTAA / Parliamentary Secretary for School Education
3. PS to the Chairperson, Chief Minister Task Force for Examination & Assessment
4. PS to the Secretary, Government of the Punjab, School Education Department
5. PS to the Secretary, Government of the Punjab, Higher Education Department
6. PS to the Special Secretary, Government of the Punjab, SED
7. Staff Officer to the Chief Executive Officer, PECTAA
8. PS to all Managing Directors, PECTAA
9. PA to the Secretary, Punjab Boards Committee of Chairpersons (PBCC)
10. PS to the Chairperson, BISE / PBTE (Lahore, Gujranwala, Rawalpindi, Sargodha, Faisalabad, Sahiwal, Multan, Dera Ghazi Khan and Bahawalpur)
11. PA to all Directors, PECTAA
12. PS to the Programme Director, PMIU
13. PS to Managing Director, Punjab Education Foundation
14. PS to the Chief Executive Officer, Punjab Education Initiatives Management Authority
15. PS to the Managing Director, Punjab Daanish Schools & Centres of Excellence Authority
16. PS to the DPI (Colleges / Secondary Education), Punjab
17. PS to the DPI (Colleges / Secondary Education), South Punjab, Multan
18. PS to all Chief Executive Officers (Education), District Education Authorities, Punjab
19. PA to all Directors (Education), Colleges, Punjab
20. Director (IT), PECTAA for uploading the Notification and the Smart Syllabus (Accelerated Learning Programme-ALP / Deleted Topics and Exercise Questions), Pairing Schemes and Model Papers for Grade-12 on the website of PECTAA.
21. Office File

CamScanner

سمارٹ سلیبس [Smart Syllabus]

مضمون: اردو برائے بارھویں جماعت (XII)

اردو (لازمی) برائے جماعت بارھویں (XII) کی درسی کتاب میں سے طلبہ کی سہولت کے پیشِ نظر چھے (6) اسباق حذف کیے جارہے ہیں تا کہ طلبہ بائیس (22) کے بجائے سولہ (16) اسباق پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھرپور تیاری کر سکیں۔

حذف شدہ اسباق کی تفصیل:۔

نمبر شمار	حصّہ	عنوانات	صفحہ نمبر
1	حصّہ نثر	محشر از غوث بہار	48 تا 56
2	حصّہ نثر	سیر دوسرے درویش کی از میر امّن دہلوی	64 تا 69
3	حصّہ نثر	بہادر خان کی سرگزشت از پروفیسر انور رومان	71 تا 77
4	حصّہ نثر	حکیم احسن اللہ خان از شمس الرحمٰن فاروقی	79 تا 86
5	حصّہ نظم	نئی نسل کا نوحہ از امجد اسلام امجدؔ	111 تا 113
6	حصّہ غزل	وہی خواب آنکھوں میں۔۔۔ از محسنؔ احسان	137 تا 139

امتحانی بورڈ کے پرچہ مرتبین کے لیے لازم ہے کہ سوالیہ پرچہ ترتیب دیتے وقت درج بالا اسباق میں سے معروضی، انشائی اور دیگر نوعیت کے سوالات (کُلّی یا جزوی صورت میں) شامل نہ کریں۔

PECTAA

PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

Pairing Scheme of Urdu-12 [Smart Syllabus]

امتحانی پرچہ اُردو (لازمی) برائے بارھویں جماعت (XII) کے لیے ہدایات [سمارٹ سلیبس]

اُردو لازمی برائے بارھویں جماعت (XII) کا پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ معروضی طرز 20 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 20 منٹ ہوگا۔ انشائی طرز 80 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 2 گھنٹے 40 منٹ (2:40) ہوگا۔

نوٹ: بورڈ کے امتحان میں؛ مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو پیشِ نظر رکھیں:۔

معروضی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال: 1 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	کل نمبر: 20	**نصابی کتاب:** مجوزہ حصہ نثر میں سے پانچ (5) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ہر سبق میں سے ایک سے زیادہ MCQs نہ بنائے جائیں۔ **حصہ قواعد:** اس حصے میں کل پندرہ (15) سوالات ہوں گے: ☆ **مطابقت:** مطابقت کے درست استعمال (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 21 تا 22 اور 29 تا 30) سے متعلق 2 سوالات اور حروف کے درست استعمال (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 16 تا 17) سے متعلق 3 سوالات بنائے جائیں۔ ☆ **رموزِ اوقاف** رموزِ اوقاف سے متعلق 5 سوالات بنائے جائیں۔ (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 13 تا 15) ☆ **اِمدادی افعال** اِمدادی افعال سے متعلق 5 سوالات بنائے جائیں۔ (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 18 تا 21)

PECTAA

انشائی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:2 **اشعار کی تشریح** **(نظم وغزل)**	کل نمبر:20 جز(الف):10 نمبر جز(ب):10 نمبر	**مجو(الف) حصہ نظم:** مجوزہ چھے (6) نظموں میں سے کوئی دو نظموں کے دو اجزا کا انتخاب کیا جائے۔ ایک جُز کا انتخاب پہلی تین (3) نظموں (حمد، نعت، اِنسان کامل کی برکات) میں سے جب کہ دوسرے جُز کا انتخاب آخری تین (3) نظموں (داستان تیاری میں باغ کی، نثار میں تری گلیوں کے ۔۔۔، میں روزے سے ہوں) میں سے کیا جائے۔ ہر نظم سے دو اشعار تشریح کے لیے منتخب کریں۔ طلبہ ان میں سے کسی ایک جُز کی تشریح کریں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [نظم کا عنوان:01 نمبر، شاعر کا نام:01 نمبر، تشریح:08 نمبر، کل نمبر 10] **مجو(ب) حصہ غزل:** مجوزہ چار (4) غزلوں میں سے دو غزلیہ اجزا (تین تین اشعار پر مبنی) دو الگ الگ غزلوں میں سے انتخاب کریں۔ ایک جُز کا انتخاب پہلی دو (2) غزلوں (میر درد، مرزا غالب) میں سے جب کہ دوسرے جُز کا انتخاب آخری دو (2) غزلوں (علامہ اقبال، ادا جعفری) میں سے کیا جائے۔ طلبہ کو ان میں سے کسی ایک جُز کے تین اشعار کی الگ الگ تشریح کرنے کی ہدایت کریں۔ نیز تشریح لکھتے ہوئے غیر ضروری طوالت سے گریز کیا جائے۔ نمبروں کی تقسیم: [شاعر کا نام:01 نمبر، تشریح:03+03+03=09 نمبر، کل نمبر 10]
سوال:3 **پیراگراف کی تشریح** **مع سیاق و سباق** **اور حوالہ متن**	کل نمبر:15	مجوزہ چھے (6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (ہجرتِ حبشہ، ماں جی، کافی) اور آخری تین (3) اسباق (رستم و سہراب، مینار، نظریۂ پاکستان) میں سے ایک ایک پیراگراف تشریح کے لیے دیا جائے۔ طلبہ دو (2) میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [مصنف کا نام:01 نمبر، سبق کا عنوان:01 نمبر، سیاق و سباق:03 نمبر، تشریح:10 نمبر، کل نمبر 15]

PECTAA

سوال:4 نثری سبق کا خلاصہ	کل نمبر:10	مجوزہ چھے(6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (ہجرتِ حبشہ، ماں جی، کافی) اور آخری تین (3) اسباق (رستم وسہراب، مینار، نظریۂ پاکستان) میں سے ایک ایک سبق منتخب کیا جائے۔ دیے گئے دو (2) اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ درکار ہے۔ طلبہ مصنف کا نام بھی لکھیں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [مصنف کا نام:01 نمبر، سبق کا خلاصہ:09 نمبر، کل نمبر 10]
سوال:5 نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال	کل نمبر:5	مجوزہ چھے(6) نظموں میں سے، پہلی تین (3) نظموں (حمد، نعت، انسان کامل کی برکات) میں سے ایک نظم اور آخری تین (3) نظموں (داستان تیاری میں باغ کی، نثار میں تری گلیوں کے۔۔۔، میں روزے سے ہوں) میں سے ایک نظم منتخب کی جائے۔ دی گئیں دو (2) نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال پوچھا جائے۔ نمبروں کی تقسیم: [شاعر کا نام:01 نمبر، نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال:04 نمبر، کل نمبر 05]
سوال:6 مضمون نویسی	کل نمبر:20	پیکٹا کی اُردو قواعد وانشا (ص 146 تا 192) میں شامل (نمونہ، مجوزہ) مضامین میں سے کوئی تین عنوانات کا اِنتخاب کیا جائے۔ نمونے کے مضامین میں سے دو (2) جبکہ مجوزہ مضامین میں سے ایک (1) عنوان منتخب کیا جائے۔ طلبہ ان تین عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں گے۔ مضمون کی طوالت کم وبیش اُردو قواعد انشا میں دیے گئے نمونے کے مضامین کے مطابق ہو۔
سوال:7 مکتوب نگاری یا آپ بیتی	کل نمبر:10	طلبہ کو دیے گئے خط اور آپ بیتی میں سے کوئی ایک تحریر کرنے کی ہدایت کریں۔ (خط برطابق پیکٹا کی اُردو قواعد انشا ص 79 تا 89 اور آپ بیتی برطابق پیکٹا کی اُردو قواعد انشا ص 114 تا 128) نمبروں کی تقسیم برائے خط (مکتوب نگاری): [طرزِ تخاطب: 1 نمبر، تاریخِ تحریر: 1 نمبر، القاب وآداب: 1 نمبر، نفسِ مضمون: 6 نمبر، مکتوب نگار کا نام وپتا: 1 نمبر، کل نمبر 10]

PECTAA

اُردو (لازمی)	(معروضی طرز)	ماڈل پیپر (سالِ دوم)	وقت: 20 منٹ	کل نمبر: 20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔ (20=20 x 1)

نمبر شمار	سوالات	(A)	(B)	(C)	(D)
i	پہلی جنگِ عظیم میں انگریز کا مقابلہ ہوا:	برطانیہ سے	ہندوستان سے	ترکی سے	جرمنی سے
ii	مسلمانوں نے ہجرت کی مکہ مکرمہ سے:	عراق کی طرف	حبشہ کی طرف	یمن کی طرف	شام کی طرف
iii	نانا جی نے بقرعید پر ماں جی کو عیدی دی:	گیارہ پیسے	بارہ پیسے	دو آنے	تین آنے
iv	مصنف کو کافی میں بُو آتی ہے:	نسوار کی	چائے کی	سگریٹ کی	سگار کی
v	سہراب کی موت کا سبب تھا:	رستم کی تلوار	پہچان نہ ہونا	سازش	بیماری

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

vi	وہ گھوڑا گاڑی کس.....ہے؟	کا	کی	کے	کو
vii	روزنامہ ''جنگ'' دل چسپی سے -----	پڑھی جاتی ہے	پڑھا جاتا ہے	پڑھی جاتی ہیں	پڑھے جاتے ہیں
viii	----- مجھے بخار تھا، اس لیے کالج نہ آ سکا:	اگر	مگر	چوں کہ	اگرچہ
ix	اس نے میرا قلم ہی نہیں چُرایا ----- جھوٹ بھی بولا:	لیکن	کیوں کہ	جب کہ	بلکہ
x	اس کا گھر بار، دکانیں اور زمین سب کچھ -----	پک گیا	پک گئے	پک گئیں	پک گئی

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

xi	جملہ معترضہ کے آغاز اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے:	'' ''	!	/	( )
xii	مختصر ترین ٹھہراؤ کو کہتے ہیں:	وقفہ	سکتہ	رابطہ	ختمہ
xiii	جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے:	،	؟	!	( )
xiv	قوسین کی علامت ہے:	'' ''	( )	!	؟
xv	رموزِ اوقاف دراصل ہیں:	واقعات	علامات	الفاظ	حکایات

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

نمبر شمار	امدادی فعل	(A)	(B)	(C)	(D)
xvi	چاہنا	اس نے وہی کیا جو چاہا۔	کھانا آیا چاہتا ہے۔	مجھے انصاف چاہیے۔	آپ چاہتے کیا ہیں؟
xvii	ڈالنا	اس نے ڈول پانی میں ڈالا۔	دودھ بالٹی میں ڈال دو۔	پھول کی پتیاں ڈالتے جاؤ۔	جو دل میں ہے ابھی سے کہ ڈالو۔
xviii	چکنا	اس کا حساب چُکا دو۔	مَیں خط لکھ چکا ہوں۔	دہی کو ذرا چکھنا۔	ہونہار بِروا کے چکنے چکنے پات
xix	ہونا	تم عجیب آدمی ہو۔	تم کہاں ہو؟	سب خاموش ہو جائیں۔	یہ تمام واقعہ میرا سنا ہوا ہے۔
xx	رہنا	وُہ یہاں رہتا ہے۔	تم کہاں رہ گئے؟	وُہ کہاں رہا؟	وہ اکثر یہاں آتا رہتا ہے۔

PECTAA

اُردو (لازمی)	(انشائی طرز)	ماڈل پیپر (سالِ دوم)	وقت: 2:40 گھنٹے	کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جُز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

جو اُن کے جادۂ رحمت سے منحرف ہو جائیں		زمانے اُن کو کبھی محترم نہیں کرتے
میسّر آتی ہے جن کو دُرود کی توفیق		کسی بھی حال میں ہوں کوئی غم نہیں کرتے

یا

یونہی ہمیشہ اُلجھتی رہی ہے ظلم سے خلق		نہ اُن کی رسم نئی ہے نہ اپنی رِیت نئی
یونہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول		نہ اُن کی ہار نئی ہے نہ اپنی جِیت نئی

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے ہر شعر کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (3+3+3+1=10)

سب کہاں کچھ لالہ و گُل میں نمایاں ہو گئیں		خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں		لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں
رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج		مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

یا

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں		ابھی عشق کے اِمتحاں اور بھی ہیں
تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں		یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں
قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بُو پر		چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے: (10+3+1+1=15)

(الف) کافی امریکا کا قومی مشروب ہے۔ میں اس بحث میں نہیں اُلجھنا چاہتا کہ امریکی کلچر کافی کے زور سے پھیلا یا کافی کلچر کے زور سے رائج ہوئی۔ یہ بعینہٖ ایسا سوال ہے جیسے کوئی بے ادب یہ پوچھ بیٹھے کہ ''غبارِ خاطر'' چائے کی وجہ سے مقبول ہوئی یا چائے ''غبارِ خاطر'' کے باعث؟ ایک صاحب نے مجھے لاجواب کرنے کی خاطر یہ دلیل پیش کی، امریکا میں تو کافی اس قدر عام ہے کہ جیل میں بھی پلائی جاتی ہے۔ عرض کیا کہ جب خود قیدی اس پر احتجاج نہیں کرتے تو ہمیں کیا پڑی کہ وکالت کریں۔

(ب) میں نے ایک اور روشن مینار بھی دیکھا ہے۔ پہلے تو یہ میرے ذہن میں نقشے پر لگے ہوئے ایک نقطے کی صورت میں محفوظ رہا اور پھر ایک دن آنکھیں جھپکیں تو وہ نقطہ مینار بن چکا تھا۔ ایشیا کے نقشے پر نظر ڈالیں تو سائبیریا سے لنکا تک خشکی نظر آتی ہے۔ لنکا کے جزیرے کی شکل نقشے میں دیکھی تو گمان گزرا جیسے قدرت کی آنکھوں سے خشکی کا آخری قطرہ ٹپک کر سمندر میں گر پڑا ہو۔ اس جزیرے کی جنوبی حد ہمارے نقشے میں زمین کی آخری حد تھی۔ سکول کے طالب علم نے سوچا کہ خشکی کی اس حدِ آخر پر کھڑا ہو کر اگر یہ کہیں کہ ایشیا میرے قدموں میں سائبیریا تک پھیلا ہوا ہے تو یہ بات جغرافیے کی رُو سے درست اور تاریخ کی رُو سے نادرست ہوگی۔

PESTAA

سوال 4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (10=1+9)

(الف) ماں جی

(ب) نظریۂ پاکستان

سوال 5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (5=1+4)

(الف) اِنسانِ کامل ؐ کی برکات

(ب) مَیں روزے سے ہوں

سوال 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (20)

(الف) پاکستان چین اقتصادی راہداری

(ب) تعمیرِ وطن میں طلبہ کا کردار

(ج) قدرتی آفات

سوال 7: چچا جان کے نام خط لکھیں جس میں تحفہ ملنے پر شکریہ ادا کیا گیا ہو۔ (10)

یا

ایک پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔



PECTAA